بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

Jamia-Uloom-Islamiyyah
(University of Islamic Sciences)
Allama Muhammad Yousuf Banuri Town
Karachi - Pakistan.

جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن
کراتشی ۷۴۸۰۰- پاکستان

Ref. No. J.B.T. 93/23

Date. 1445/04/10ھ
26/10/2023

مسجد اقصیٰ اور فلسطین-دردمندانہ گزارشات

آسمانی تعلیمات کے مطابق اُمتِ مسلمہ کے تمام افراد آپس میں بھائی بھائی اور ہر قسم کے دکھ درد میں ایک جسم کی مانند ہیں، جسم کے کسی بھی حصے میں اگر تکلیف ہو تو اس کا درد پورے بدن میں محسوس ہونا فطری تقاضا ہے، اسی دینی اخوت، انسانی ہمدردی اور فطری تقاضے کے تحت اس وقت پوری امت مسلمہ قبلہ اول مسجد اقصیٰ اور فلسطین کے مسلمانوں کے درکھ درد میں شریک ہے، اس موقع پر رجوع الی اللہ، توبہ واستغفار اوراَعمالِ صالحہ کی مزید ضرورت ہے، عمومی دعاؤں کے ساتھ ساتھ آئمہ مساجد سے گزارش ہے کہ وہ قنوت نازلہ کا اہتمام بھی کریں۔

امت مسلمہ کا دینی واخلاقی فرض ہے کہ وہ فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ ہر قسم کا ہر ممکن تعاون کریں، ان کی نصرت وحمایت کے لیے امت کے تمام طبقے اپنی حیثیت اور وسعت کے مطابق ہر ہر سطح پر بھرپور کردار اداکریں، اپنے ملکی قانون اور دستور کے دیے گئے حقوق کے تحت اپنی حکومتوں پر دباؤ ڈالیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی گئی وسعت وقدرت کے تحت اپنے مظلوم مسلمان بھائیوں کی دادرسی کے لیے اپنے وسائل بروئے کار لائیں اور مسلمان حکمرانوں پر شرعًا واخلاقًا لازم ہے کہ بیت المقدس کے مظلوم مسلمانوں کی نصرت وحمایت کے لیے میدانِ عمل میں آئیں، اور اُن کے تحفظ، دفاع اور بحالی کے لیے اپنی دفاعی طاقت، انسانی حقوق اور سفارتی اثرورسوخ کا بھرپور استعمال کریں۔

اسلامی دنیا کے تمام دینی، سیاسی اور صحافتی طبقوں پر لازم ہے کہ وہ متحد ہوکر فلسطینی مسلمانوں کے لیے یک جان اور ایک آواز بنیں، اور ہر ہر سطح پر فلسطینی مسلمانوں کے تحفظ اور دفاع کے فریضے کا شعور بیدار کریں، اور تمام مسلمانوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ممکنہ حد تک قابلِ اعتماد ذرائع سے فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ بھرپور مالی تعاون کریں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ فلسطین وکشمیر کے مظلوم مسلمانوں اور تمام مظلوم مسلمانوں کی مدد ونصرت فرمائے، اور اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو!

والسلام

سید سلیمان یوسف بنوری

P.O Box: 3465 Karachi Code No. 74800, Phoe: (0092-21) - 34913570 - 34121152 - 34123366 - 34918314
Fax: (0092-21) - 34919531 Karachi Pakistan. URL: www.banuri.edu.pk , E-mail: info@banuri.edu.pk